SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

July 31, 2025

**SECP Seeks Public Feedback on Proposed Amendments to Private Fund Regulations, 2015**

**Islamabad, July 31, 2025 –** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has published a Consultation Paper proposing significant amendments to the Private Fund Regulations, 2015, inviting comments from the public and all relevant stakeholders. The proposed amendments introduce a more structured and globally aligned approach to private fund regulation.

Key changes include streamlined terminology, with the consolidation of Private Equity and Venture Capital under a unified "Private Fund" framework, along with clearly defined subtypes aligned with international classifications. The amendments also expand investor eligibility by introducing income-based thresholds and formally defining Qualified Institutional Buyers (QIBs) to broaden access while maintaining investor protection. Additionally, governance enhancements feature strengthened roles and responsibilities for trustees and fund managers, alongside the introduction of formal exit strategy frameworks and defined fund termination protocols.

As part of its inclusive and transparent consultative process, the first stakeholder consultation session was successfully held in Islamabad, with participation from industry representatives, fund managers, legal advisors, and other stakeholders. The session provided a valuable platform for discussion, feedback, and collaboration. To ensure broad-based input, two additional sessions are scheduled to be held in Lahore and Karachi in the coming week.

SECP encourages all relevant stakeholders to share their views on the proposed amendments by **August 12, 2025**. The Consultation Paper is available on the official SECP website.

**ایس ای سی پی نے پرائیویٹ فنڈ ریگولیشنز 2015 میں مجوزہ ترامیم پر عوامی رائے طلب کر لی ہے۔**

**اسلام آباد، 31جولائی:** ایس ای سی پی نے پرائیویٹ فنڈ ریگولیشنز 2015 میں اہم ترامیم تجویز کرتے ہوئے ایک مشاورتی پیپر جاری کیا ہے، اور عوام اور تمام متعلقہ فریقین سے رائے طلب کر لی۔ مجوزہ ترامیم نجی فنڈز کے ضوابط کے لیے ایک منظم اور بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ طریقہ کار کو متعارف کرواتی ہیں۔

ان اہم تبدیلیوں میں آسان اور ہم آہنگ اصطلاحات شامل ہیں، جن میں پرائیویٹ ایکویٹی اور وینچر کیپیٹل کو ایک مشترکہ "پرائیویٹ فنڈ" کے دائرے میں لایا گیا ہے، اور بین الاقوامی معیار کے مطابق اس کی اقسام واضح طور پر بیان کی گئی ہیں۔ ان ترامیم میں سرمایہ کار بننے کے لیے اہلیت کو بھی بڑھایا گیا ہے۔ اس کے لیے آمدنی کی بنیاد پر معیار مقرر کیے گئے ہیں اور "کوالیفائیڈ انسٹی ٹیوشنل بائرز (QIBs)" کو باقاعدہ  بیان کیا گیا ہے تاکہ زیادہ افراد کو سرمایہ کاری کی اجازت دی جا سکے جبکہ سرمایہ کاروں کا تحفظ بھی برقرار رہے۔اس کے علاوہ، گورننس کو بہتر بنانے کے لیے ٹرسٹیز اور فنڈ مینیجرز کے کردار اور ذمہ داریاں مضبوط کی گئی ہیں، باقاعدہ ایگزٹ اسٹریٹیجی کے طریقہ کار متعارف کرائے گئے ہیں، اور فنڈ ختم کرنے کے واضح اصول شامل کیے گئے ہیں۔

پہلا اسٹیک ہولڈر مشاورتی اجلاس، اپنے شفاف اور شمولیتی مشاورتی عمل کے تحت اسلام آباد میں کامیابی سے منعقد ہوا، جس میں انڈسٹری کے نمائندوں، فنڈ مینیجرز، قانونی مشیروں اور دیگر متعلقہ فریقین نے شرکت کی۔ یہ اجلاس تبادلۂ خیال، آراء اور تعاون کے لیے ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ وسیع رائے کو یقینی بنانے کے لیے آئندہ ہفتے لاہور اور کراچی میں مزید دو اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔

ایس ای سی پی نے تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ مجوزہ ترامیم پر اپنی رائے 12 اگست 2025 تک فراہم کریں۔ مشاورتی پیپرایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔